## حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کا 706 واں عرس مبارک نیو دہلی میں عقیدت واحترام سے منایا گیا
## الطاف حسین کی جانب سے درگاہ پر غلاف چڑھایا گیا اور زائرین میں لنگر تقسیم کیا گیا

نیو دہلی۔۔۔6،اپریل 2010ء

محبوب الٰہی حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کا 706 واں عرس مبارک نیو دہلی میں عقیدت واحترام سے منایا گیا جس میں پاکستان اور بھارت سمیت دنیا بھر سے عقیدت مندوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے حضرت نظام الدین اولیاءؒ کی درگاہ پر غلاف چڑھایا اور زائرین میں لنگر تقسیم کیا گیا۔سجادہ نشین سید ناظم علی نظامی نے 17 ربیع الثانی کی شب خصوصی فاتحہ خوانی کے بعد جناب الطاف حسین کی جانب سے درگاہ پر غلاف چڑھایا۔اس موقع پر دنیا بھر میں امن وامان، مذہبی انتہاء پسندی کے خاتمہ اور ایم کیو ایم کے حق پرستانہ پیغام کے فروغ کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وعافیت اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔18 ربیع الثانی کو قل شریف کے بعد جناب الطاف حسین کی جانب سے زائرین میں لنگر تقسیم کیا گیا۔حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کا عرس 6، اپریل تک جاری رہے گا۔

## نیشنل بینک میں چارٹر آف ڈیمانڈ کی منظوری پر ایم کیو ایم کی حمایت یافتہ یونین ایمپلائز فرنٹ اور ادارے کے تمام محنت کشوں کو رابطہ کمیٹی کی مبارکباد

لندن۔۔۔6،اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نیشنل بینک آف پاکستان میں کلرک اور نان کلرک ملازمین کیلئے چارٹر آف ڈیمانڈ کی منظوری پر ایم کیو ایم کی حمایت یافتہ یونین ایمپلائز فرنٹ اور ادارے کے تمام محنت کشوں کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ نیشنل بینک میں چارٹر آف ڈیمانڈ کی منظوری ادارے میں ایم کیو ایم کی حمایت یافتہ یونین ایمپلائز فرنٹ کے عہدیداران کی محنت کشوں کے مسائل کے حل میں دلچسپی کا عملی ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ چارٹر آف ڈیمانڈ کی منظوری ملازمین کا دیرینہ مطالبہ تھا اس کی منظوری سے ملازمین کی تنخواہوں میں 30 فیصد، ہاؤس رینٹ میں 55 فیصد اضافہ ہوگیا ہے اور ایجوکیشن لاؤنس 9 سو سے 5 ہزار ہاؤس بلڈنگ لون 9 لاکھ اور کار لون ساڑھے 6 لاکھ کردیا گیا ہے بلکہ دیگر سہولیات بھی دیدی گئی ہیں جو ادارے کے ایک ایک ملازم کو حاصل ہوں گی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم محنت کش طبقہ کی خوشحالی کو ملک کی ترقی وخوشحالی کا ضامن سمجھتی ہے اور محنت کشوں کے جائز حقوق کے حصول کیلئے ہر سطح پر جدوجہد کررہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے نیشنل بینک میں ایم کیو ایم کی حمایت یافتہ یونین ایمپلائز فرنٹ کی کاوشوں کو سراہا اور انہیں تلقین کی وہ محنت کشوں کے مسائل حل کے ساتھ ساتھ ادارے کی ترقی وخوشحالی کیلئے بھی دلجمعی کے ساتھ کام کریں۔

## حق پرست عوام، راغب مرادآبادی کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔6،اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اردو کے ممتاز اور مقبول شاعر راغب مرادآبادی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام سے بھی اپیل کی ہے کہ راغب مرادآبادی کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## اے پی ایم ایس او سٹی سائنس وآرٹس کالج حیدرآباد کے فنانس سیکریٹری سے مرکزی کابینہ کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6،اپریل 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ کے اراکین نے سٹی سائنس وآرٹس کالج یونٹ حیدرآباد سیکٹر یونٹ کمیٹی کے فنانس سیکریٹری نعمان قریشی کی ہمشیرہ محترمہ نبیلہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔مرکزی کمیٹی کے ارکان نے مرحومہ کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

# پریس کانفرنس

اسلام آباد۔۔۔06 اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیوایم) نے پورے ملک بالخصوص پنجاب بھر میں زون، ڈسٹرکٹ اور تحصیلوں کی سطح پر اپنا تنظیمی ڈھانچہ مکمل کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں جاری رکنیت سازی مہم کے دوران ایک ماہ میں 50 ہزار سے زائد افراد نے تحریک میں شمولیت اختیار کرلی ہے۔25 اپریل کو مینار پاکستان پر ایم کیوایم پنجاب کا کنونشن ملکی سیاست کے دھارے کو تبدیل کردے گا۔کنونشن میں لوئر، اپر، سینٹرل اور لاہور زون سے ہزاروں کی تعداد میں حق پرست عوام کی شرکت سے پنجاب میں ایک نئی سیاسی تاریخ رقم ہوگی۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم اپر پنجاب زونل کمیٹی کے انچارج زاہد ملک، سیکریٹری اطلاعات نوید اختر خان، ڈپٹی آرگنائزر صوبائی تنظیمی کمیٹی اسلم آفریدی اور جوائنٹ انچارج زونل کمیٹی اپر پنجاب منصور بن مختار نے زونل کمیٹی اپر پنجاب کے مرکزی دفتر میں منعقدہ پریس کانفرنس میں کیا۔انہوں نے کہا کہ 10 مارچ 2010 سے پورے پنجاب میں شروع ہونے والی رکنیت سازی مہم میں ایم کیوایم کے فکروفلسفہ سے متاثر ہوکر ہزاروں کی تعداد میں حق پرست عوام باضابطہ طور پر ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرچکے ہیں۔قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم پر پنجاب بھر کے غیور عوام نے اپنے مکمل اعتماد اور یقین کا جس طرح اظہار کیا ہے وہ اس بات کا مظہر ہے کہ پنجاب کے عوام کی یہ بیداری مظلوموں کے انقلاب کی نوید ہے۔اس رکنیت سازی میں عوام کی جوق در جوق شمولیت قابل تحسین ہے۔زاہد ملک نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین مینار پاکستان پر ایم کیوایم کے تاریخی کنونشن سے 25 اپریل کو خطاب کریں گے اور صوبہ پنجاب کے عوام کو ایک نئے انقلاب کی نوید سنائیں گے۔ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ کنونشن کے انعقاد کے حوالہ سے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔مختلف تشکیل کردہ کمیٹیاں اس ضمن میں کام کررہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک ماہ کی رکنیت سازی کے دوران اب تک صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم میں شامل ہونے والے افراد کی تعداد 50 ہزار سے تجاوز کرچکی ہے۔صرف راولپنڈی میں دو ہزار سے زائد افراد نے ایم کیوایم کی رکنیت حاصل کرلی ہے۔زاہد ملک نے کہا کہ ایم کیوایم کی رکنیت کا مطلب محض فارم بھرنا نہیں بلکہ یہ ہمارے وہ کارکن ہیں جو مکمل طور پر نظریاتی وابستگی اور ذہنی طور پر قائل ہونے کے بعد اس کاررواں میں شامل ہوئے۔سیکریٹری اطلاعات نوید خان نے کہا کہ ایم کیوایم کی رکنیت سازی دیگر جماعتوں سے مختلف ہے۔ہماری جماعت کے ذمہ داران نے رکنیت سازی کے لئے گھر گھر جاکر رابطے کئے اور عوام کو قائد تحریک کے فکروفلسفہ سے آگاہ کیا اور انہوں نے اس فکروفلسفہ کو قبول کرتے ہوئے رکنیت قبول کی۔اسلم آفریدی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام پورے ملک میں پھیل رہا ہے، جسے پھیلنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ایک سوال پر زاہد ملک نے بتایا کہ مینار پاکستان پر کنونشن کے حوالے سے ڈی سی او لاہور کو درخواست دے دی ہے اور ہمیں امید ہے کہ پنجاب حکومت کنونشن کے انعقاد میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈالے گی۔

☆☆☆☆☆